ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021
99212639

سندھ پولیس کے 76 انسپکٹرز کو اگلے عہدے پر ترقی دیدی گئی۔

کراچی28جولائی2022؛۔

آئی جی سندھ کی رہنما ہدایات اور ڈپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی(DPC) کی جانب سے ارسال کردہ سفارشات کی روشنی میں محکمہ داخلہ حکومت سندھ نے سندھ پولیس کے 76 انسپکٹرز کو گریڈ 17 ڈی ایس پی کے رینک پر ترقی دیئے جانیکا باقاعدہ نوٹیفیکیشن جاری کردیا ہے۔

آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے سنٹرل پولیس آفس کراچی میں اس حوالے سے منعقدہ ایک سادہ مگر پروقار تقریب کے دوران ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی پانیوالے افسران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ بہترین اور مؤثر پولیسنگ کے لیئے آپ اپنے تجربے اور پیشہ وارانہ مہارت سے بھرپور استفادہ کریں اور جرائم کے خلاف جدید اور ماڈرن تیکنیکس کی بدولت کامیابیوں کو یقینی بنائیں جس سے نا صرف محکمہ پولیس کی نیک نامی بلکہ پولیس پر عوام کے اعتماد کو بھی مذید تقویت ملیگی۔

تقریب میں ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرزسندھ، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ سندھ اور اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ سندھ نے شرکت کی۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-